19/01/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔

اب آپ سید مبشر رفاعی سے خبریں سُنیے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت خلائی ٹیکنالوجی کے شعبے میںنئی مثالیں قائم کر رہا ہے ۔ جہاں ذہین ترین سائنس دان جدت پسند مسقبل کے چلینجوں کا حل فراہم کر رہے ہیں۔ آکاشوانی پر من کی بات کے آج کے پروگرام میں وزیر اعظم نے خلائی شعبے میں ملک کی حالیہ کامیابیوں کی زبردست سراہنا کی ۔

نریندر مودی نے عوام کو 75ویں یوم جمہوریہ کی پیشگی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس سال کی تقریبات خاص طور پر اہم ہیں کیونکہ اسی سال آئین کے نفاذ کے 75برس مکمل ہو رہے ہیں۔ انہوںنے آئین ساز اسمبلی کے تمام اراکین کو سلام پیش کیا ۔ وزیر اعظم نے خاص طور پر بابا صاحب امبیڈ کر ، ڈاکٹر راجندر پرساد اور ڈاکٹر شاما پرساد مکھر جی کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ

عوام کو ان عظیم رہنماؤں کے خیالات سے تحریک حاصل کرنی چاہئے ۔

ملک کے اسٹارٹ اپ کلچر //انسانوں اور جانوروں کے ما بین دوستی // پریاگ راج میں جاری میلہ مہا کنبھ // اور دیگر کئی اہم موضوعات کے علاوہ وزیر اعظم نے 25جنوری کو منائے جانے والے قومی ووٹرس ڈے کی اہمیت بھی اجا گر کی ۔واضح رہے کہ یہ من کی بات کی 118ویں قسط تھی۔

امت

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی ہدایت پر راجوری ضلع میں پر اسرار اموات کے معاملے کی تحقیقات کیلئے تشکیل دی گئی ایک بین وزارتی ٹیم آج متاثرہ علاقے کا دورہ کر رہی ہے ۔ٹیم میں صحت ، زراعت ، کیمیات اور آبی وسائل کی وزارتوں کے نمائندوں کے علاوہ پشو پالن ، غذائی سلامتی اور فارنسک محکموں کے ماہر شامل ہیں۔

حنا شفیع

جموں کشمیر کھادی اینڈ ولیج انڈسٹریز بورڈصنعتی سیکٹر کی ترقی کیلئے ہر ممکن مدد فراہم کرنے کیلئے پر عزم ہے ۔
KVIB کی چیر پرسن ڈاکٹر حنا شفیع بٹ نے ،ٹاؤن ہال پلوامہ میں پڑھے لکھے بیروزگار نوجوانوں اور خواہشمند کار خانہ

داروں کے ساتھ ایک جانکاری پروگرام میںتاہم، نوجوانوں میں مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق ہنر مندی کا مزاج پیدا کرنے پر زور دیا۔

گاندربل

ڈسٹرکٹ انڈسٹریز سینٹر گاندربل کی جانب سے بلاک ڈیولپمنٹ وشو کرما پروگرام سے متعلق ایک PM آفس صفا پورہ میں جانکاری پروگرام منعقد کیاگیا۔ پروگرام میں علاقے سے تعلق رکھنے والے مقامی لوگوں اور ہنر مند کامگاروں کی ایک اچھی خاصی تعداد نے حصہ لیا۔

بارہمولہ

ڈاک بنگلہ بارہمولہ میں مشن وتسالیہ اور بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ سے متعلق جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیاگیا۔اس دوران بچوں کی بہبود اور جنسی مساوات جیسے امور پر توجہ مرکوز رہی

IGP

*....... IGP کشمیر وی کے بردی نے پولیس اور سیکورٹی ایجنسیوں کی ایک میٹنگ میں یوم جمہوریہ کی تقریبات کیلئے کئے جا رہے سلامتی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسروں سے تلقین کی کہ وہ جشن جمہور کی تقریبات کیلئے تمام تیاریوں کو حتمی شکل دیں ۔اس کیلئے انہوں نے پولیس اور دیگر سیکورٹی ایجنسیوں کو چوکس رہنے کی ہدایت دی ۔

پولیس

کپواڑہ پولیس نے منشیات کی لعنت کے خلاف اپنی مہم کو جاری رکھتے ہوئے لطیف احمد شیخ ساکنہ دیور اندر بگ نامی ایک منشیات سمگلر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے۔ منشیات فروش کے خلاف معاملہ درج کر لیا گیا۔

اننت ناگ

ادھر اننت ناگ پولیس نے لاسی پورہ پلوامہ میں NDPS ایکٹ کی دفعہ52 Aکے تحت ضبط کی گئی منشیات کی ایک بڑی مقدار کو ضائع کر دیا ہے۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ